# روح اخبار

(از آزاد ... الموی اعظمی)

—— ایک سائنس دان نے ایک آلہ ایجاد کیا ہے جسے اگر دل کے پاس لگا دیا جائے تو اس کی آواز بلیم البرٹ ہال میں بیٹھکر سنی جا سکتی ہے اور اگر مشین میں لاؤڈ اسپیکر لگا دیا جائے تو دل کی دھڑک کئی آدمی بآسانی سن سکتے ہیں۔

—— لارڈ بیڈن پاول نے جو تحریک بوائے سکاوٹ کے بانی ہیں ہندوستان کے دورے سے واپس جانے کے بعد لندن میں ہندوستانیوں کے متعلق یہ غلط بیان دیا ہے کہ "ان میں کیرکٹر کی کمی ہے" اس پر جب ہندوستانیوں کی طرف سے بطور احتجاج اس تحریک کو ختم کر کے اس کی جگہ نئی تحریک جاری کرنے پر زور دیا جانے لگا تو آپ نے معافی مانگ لی۔ موصوف ہندوستانیوں کے متعلق اس سے پہلے بھی ایک مرتبہ زہر اگل چکے ہیں۔

—— گذشتہ دنوں کانگریس نے واردھا میں عہدوں کے قبول کرنے کا فیصلہ کیا تو اسے پورے ہندوستان میں وقعت کی نگاہ سے دیکھا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ کانگریسی وزراء کی تنخواہیں پانچ سو سے زائد نہ ہوں گی اور مسلمان وزیر کے چننے میں مسلمانوں کے مفاد کا پورا پورا خیال رکھا جائے گا۔

—— حکومت مصر، حکومت حجاز کو ۲۰ ہزار پونڈ امداد دیگی تاکہ اہالیانِ مکہ کے لئے بڑے پیمانے پر آب رسانی کا انتظام کیا جائے۔

—— سلطان ابن سعود نے اپنی سلطنت میں یہ فرمان جاری کیا ہے کہ جو شخص داڑھی منڈوائے گا وہ ایک ہفتہ سزائے قید یا ساڑھے سات ریال جرمانہ کا مستوجب ہوگا۔

اور جو حجام اس فعل کا مرتکب ہوگا اُس کی دکان مع اسباب کے ضبط کر لی جائیگی۔

---

—— امریکہ کے مشہور اخبار کلیفا نڈ میں استاذ ریحانی اپنے ایک مقالے کے اندر لکھتے ہیں کہ ابن سعود (خلد اللہ ملکہ) کی زیر حکومت جزیرۃ العرب ۲۷ سال میں بالکل بدل گیا۔ اس سرزمین پر خلافت راشدہ کے بعد سے ابتک ابن سعود جیسی نظیر نہیں ملی۔

—— امریکہ کے ایک سائنس دان ڈاکٹر نے ضرورت کے وقت زندہ انسانوں کیلئے مردہ انسانوں سے خون حاصل کرنے کا طریقہ معلوم کر لیا ہے۔ موصوف کے تجربہ کے مطابق روس مردہ انسانوں کے جسم سے خون حاصل کر کے ٹیوبوں میں محفوظ کر رہا ہے کہ بوقت ضرورت کام آسکے۔

—— ادیس ابابا سے جبوتی تک جاری کردہ ریلوے لائن کے متعلق شہنشاہِ حبشہ نے اٹلی کے خلاف دعویٰ دائر کیا ہے۔ انکا خیال ہے کہ اس لائن کے جاری کرنے کا حکم میں نے ہی دیا تھا اس لئے اس کا مالک بھی میں ہی ہونگا نہ کہ اٹلی۔

شیخ عطاء الرحمن صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دار الحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا۔